pkzone.weebly.com

❖

تسبيحات حضرت فاطمہ رضي اللہ عنہ

حضرت علي رضي اللہ تعالي عنہ نے اپنے ايک شاگرد سے فرمايا ميں تمہيں اپنا اور فاطمہ کو جو حضور صلي اللہ عليہ وسلم کي سب سے زيادہ لاڈلي بيٹي تھيں قصہ سنائو۔
شاگرد نے کہا ضرور-----
فرمايا کہ وہ اپنے ہاتھ سے چکي پيستي تھيں، جس کي وجہ سے ہاتھ ميں نشان پڑ گئے تھے اور گھر کي جھاڑ پونچھ وغيرہ بھي خود کيا کرتي تھيں جس کي وجہ سے تمام کپڑے ميلے کچيلے رہتے تھے۔
ايک مرتبہ حضور صلي اللہ عليہ وسلم کےپاس کچھ غلام بانديان آئيں، ميں نے فاطمہ سے کہا کہ تم جاکر حضور صلي اللہ عليہ وسلم سے ايک خدمت گار مانگ لو تاکہ تم کو کچھ مدد مل جائے، وہ حضور صلي اللہ عليہ وسلم کي خدمت ميں حاضر ہوئيں، وہاں مجمع تھا شرم مزاج ميں بہت زيادہ تھيں، اس لئے شرم کي وجہ سے سب کے سامنے باپ سے بھي مانگتے ھوئے شرم محسوس ہوئي، واپس آگئيں، دوسرے دن حضور صلي اللہ عليہ وسلم خود تشريف لائے، ارشاد فرمايا۔

فاطمہ تم کل کس کام کے لئے آئي تھیں، وہ شرم کي وجہ سے چپ ہوگئیں۔
میں نے عرض کیا حضور صلي اللہ علیہ وسلم ان کي یہ حالت ہے کہ چکي کي وجہ سے ہاتھوں میں گٹے پڑ گئے اور مشک کي وجہ سے سینہ پر رسي کے نشان ہوگئے ہیں، ہر وقت کے کام کي وجہ سے کپڑے ملیے رہتے ھیں، میں نے سن سے کہا تھا کہ آپ کے پاس خادم آئے ہوئے ھیں، ایک یہ بھي مانگ لیں، اس لئے گئي تہین۔
حضرت فاطمہ رضہ اللہ عنہا نے عرض کیا یارسول اللہ میرے اور علي کے پاس ایک ہي بسترہ ہے اور وہ بھي مینڈہ کي ایک کھال ہے، رات کو اس کو بچھا کر سو جاتے ھیں، صبح کو سي پر گھاس دانہ ڈال کر اونٹ کو کھلاتے ھیں۔
حضور صلي اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بیٹي صبر کر، حضرت موسي کے پاس ایک چوغہ تھا، رات کو اس کوبچھا کر سوجاتے تھے، تو تقوي حاصل کرو اللہ سے ڈرو اور اپنے پروردگار کا فریضہ ادا کرتي رھ اور گھر کے کام کو انجام دیتي رہو اور جب سونے کے واسطے لیٹا کرے تو۔۔۔سبحان اللہ33مرتبہ۔۔۔الحمد33مرتبہ۔۔۔اللہ اکبر33مرتبہ پڑھ لیا کرو۔
یہ خادم سے زیادہ اچھي چیز ھے، حضرت فاطمہ رضي اللہ عنہا نے عرض کیا میں اللہ اور اس کے رسول صلي اللہ علیہ وسلم سے راضي ھوں۔
یعني جو اللہ اور حضور صلي اللہ علیہ وسلم کي رضا میرے بارے ھوں، مجہے بخوشي منظور ہے، یہ تھي زندگي دوجہان کے بادشاہ کي بیٹي کي، اس واقعہ میں جو اوپر ذکر کیا گیا صرف سونے کے وقت کا ذکر ہے دوسري حدیثوں کے

بعد33مرتبہ تینوں کلمے اور ایک مرتبہ لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمدہ وھوالحمد وھواعلي کلي شئي قدیر بھي آیا ھے۔